شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ

غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ کے شئر ہولڈرز کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام بروز بدھ مورخہ ۶ مارچ صبح ساڑھے گیارہ بجے پَرل کانٹینٹل ہوٹل شاہراہِ قائدِ اعظم لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

عمومی کاروائی:

۱۔ ستائیس اکتوبر ۲۰۲۳ء کو منعقد کئے گئے اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹ کی شقوں کے مطابق ۳ سالہ مدت کیلئے کمپنی کے ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد 10 مقرر کی ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب منیر نواز	۲۔ جناب محمد نعیم
۳۔ جناب عامر امین	۴۔ جناب فاروق حسن
۵۔ جناب سیّد ندیم علی کاظمی	۶۔ جناب توقیر نواز
۷۔ محترمہ سعدیہ محمد	۸۔ جناب محمد عثمان خالد
۹۔ جناب عابد نواز	۱۰۔ لیفٹیننٹ کرنل (ر) رشید الدین شمس

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے قابل ہیں۔

خصوصی کاروائی:

۳۔ سالانہ مالیاتی حسابات کی کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل:

مندرجہ ذیل عام قراردادوں پر غور وخوض کر کے ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم منظور کرنا:

قرار پایا ہے کہ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور (سالانہ رپورٹ میں شامل) متعلقہ دستاویزات کی بشمول عام اجلاس کے نوٹس کی ترسیل شائع کرنے یا CD/DVD/USB میں ترسیل کے ذریعہ بجائے QR کوڈ اور ویب لنک سے کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی سیکرٹری اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات، انتظامات اور امور دینے کے لئے مجاز ہے۔

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر عام امر کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
(جمیل احمد بٹ)
کمپنی سیکرٹری

کراچی: ۱۴ فروری ۲۰۲۴ء

نوٹس:

(۱) کتاب کی بندش

کمپنی کی متفرق حصص کی کتاب مورخہ ۲۳ فروری ۲۰۲۴ء سے مورخہ ۶ مارچ ۲۰۲۴ء (بشمول دونوں دنوں کے) بند رہے گی۔ کمپنی کے شیئر زرجسٹرار جوائس سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ آفس نمبر 407، 408 چوتھی منزل، الامیر اسنٹر شاہراہِ عراق نزد پاسپورٹ آفس، صدر، کراچی کو ۲۲ فروری ۲۰۲۴ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی منتقلیاں ٹرانسفریز کے نام پر انتقال اور ان کے EOGM میں شرکت اور حق رائے دہی کے استحقاق کے لئے برو قت تصور ہوں گی۔

(۲) غیر معمولی اجلاس میں شرکت

۱۔ اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند شیئر زسرٹیفکیٹ رکھنے والے حصہ داران یا سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں کمپنی شیئرز کے اکاؤنٹ اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھا کر اوران کی نقل فراہم کر کے شریک ہو سکتے ہیں۔

۲۔ ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتا ہے، اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ وہی پراکسیز موثر ہوں گی جو اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ اسٹیمپ شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ مع شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی وصول ہو جائیں گی۔ تمام قابل قبول دستاویزات کے ساتھ پراکسیز اس ای میل ایڈریس پر بھی بھیجی جا سکتی ہیں: jamilbutt@shahtaj.com۔ اس نوٹس کے ساتھ ایک پراکسی فارم بھی منسلک کیا گیا ہے۔

۳۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ نمائندہ کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے جمع نہ کروایا ہو تو) میٹنگ کے وقت مہیا کر کے شامل ہو سکتے ہیں۔

(۳) ڈائریکٹرز کا انتخاب

ڈائریکٹر کے طور پر منتخب ہونے کے خواہشمند افراد کو خواہ وہ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر ہوں یا کوئی اور الیکشن میں شرکت کے لئے اجلاس کے انعقاد سے چودہ روز قبل درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس شاہ تاج ٹیکسٹائل، ۲۷۔سی، ابدالین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور۔ ۵۴۵۷۰ پر جمع کرانے ہوں گے۔

۱۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹۔(۳) کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز ۲۰۱۹ء کے ضابطے ۷۔اے میں ایس ای سی پی کے ایس آر او مورخہ ۲ جولائی ۲۰۲۳ء کے ذریعے نئی ترامیم کے مطابق درج ذیل کیٹگریز میں سے کسی میں:

خواتین ڈائریکٹرز
آزاد ڈائریکٹرز
دیگر ڈائریکٹرز

۲۔ اپنا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسی پینٹ آئی ڈی نمبر اور سب اکاؤنٹ نمبر۔ ڈائریکٹری کوالیفکیشن کمپنی میں ۵۰۰۰ روپے کی عمومی مالیت کے حصص کا حامل ہونا ہے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۳(۱) کے تحت درج شدہ افراد پر اس شرط کا اطلاق نہیں ہوگا۔

۳۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۶۷(۳) کے تحت فارم ۲۸ پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔

۴۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی کے لئے ایک مفصل پروفائل بشمول خط و کتاب کا پتہ اور رابطہ کی معلومات جیسا کہ ایس ای سی پی کے ایس آر او ۱۱۹۶۔(۱) 2019 مورخہ ۱۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کے تحت درکار ہے۔

۵۔ موجود دیگر ڈائریکٹرشپ (شپس) اور دفتر (دفاتر) کی تفصیل۔

۶۔ کارآمد قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی مصدقہ نقول/ایکنوالجمنٹ۔ ٹی۔ این۔ نمبر

۷۔ اس امر کا بیان کہ:

(اے) وہ متعلقہ قوانین اور کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز ۲۰۱۹ اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے بخوبی آگاہ ہیں۔

(بی) وہ بشمول اس کمپنی کے ۷ سے زائد کمپنیوں میں بحیثیت ڈائریکٹر کے فرائض انجام نہیں دے رہے۔

(سی) وہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی شق ۱۵۳ اور کسی بھی دیگر نافذ العمل ضابطے کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہیں۔

۸۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے الیکشن میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

(اے) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز ۲۰۱۹ کے ضابطے کے تحت انڈیپنڈنس کا ڈیکلریشن۔

(بی) نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر اس امر کی تصدیق کہ وہ کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کے ضابطہ ۳(۱) کی شرائط پر پورا اُترتے ہیں۔

انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق منتخب کئے جائیں گے جو کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۶۶(۲) اور کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اُترتے ہوں۔

نوٹ: اگر ان افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو انتخاب کے لئے پیش کیا ہے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۹(۱) کے تحت ڈائریکٹرز کیلئے مقرر کردہ تعداد سے زائد ہوئی تو کمپنی ممبران کو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کی شقوں کے مطابق ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا آپشن فراہم کر دے گی۔

(۴) پتے کی تبدیلی

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

(۵) ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے میٹنگ میں شرکت

شیئر ہولڈرز اب ویڈیو لنک کے ذریعے بھی غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ وہ تمام اراکین جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے التماس کی جاتی ہے کہ اپنی مندرجہ ذیل معلومات اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل (دونوں جانب سے) کے ساتھ بعنوان رجسٹریشن برائے غیر معمولی اجلاس عام کے jamilbutt@shahtaj.com پر بذریعہ ای میل اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل بھیجیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	شناختی کارڈ نمبر / CDC اکاؤنٹ نمبر	فولیو نمبر	موبائل فون نمبر	ای میل ایڈریس

مندرجہ بالا ضروریات کی مطلوبہ توثیق کے بعد جن ممبران کو رجسٹرڈ کیا جائے گا انہیں بذریعہ ای میل کمپنی کی جانب سے پاس ورڈ سے محفوظ کردہ ویڈیو لنک مہیا جائے گا۔ مذکورہ لنک غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ کو صبح ۱۱:۱۵ سے اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گا۔

(۶) پوسٹل بیلٹ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے مطابق، اراکین کو خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند کاروبار کے لئے ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

خواہشمند حصص یافتگان اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ درست CNIC کی کاپی کے ساتھ صحیح طریقے سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپرز کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، C-27 ابدالین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور۔ 54570 یا ای میل کے ذریعے ۵ مارچ ۲۰۲۴ء کو کام کے اوقات کے دوران یا اس سے پہلے chairman@shahtaj.com پر میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچیں۔ بیلٹ پیپرز پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے بیلٹ پیپر کا ایک نمونہ منسلک ہے۔ بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ www.shahtaj.com پر بھی دستیاب ہے۔

(۷) ای ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے مطابق اراکین کو خصوصی کاروبار کے طور پر درجہ بند کاروبار کے لئے الیکٹرنک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان اراکین کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست CNIC نمبر، موبائل فون نمبر، اور ای میل پتے ۲۸ فروری ۲۰۲۴ء کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے پاس دستیاب ہوں گے۔

ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتا دیا جائے گا۔ سکیورٹی کوڈ JWAFFS Registrar Services (PVT) Limited (ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے SMS کے ذریعہ فراہم کیا جائے گا۔

ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

ای ووٹنگ لائنیں ۳ مارچ ۲۰۲۴ء سے صبح ۹ بجے کھلیں گی۔ اور ۵ مارچ ۲۰۲۴ء کو شام ۵ بجے بند ہو جائیں گی۔ ممبران اس عرصے کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار ووٹ دینے کے بعد ممبر کو اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۶۶(۳) کے تحت بیان:

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۶۶ کے تحت ڈائریکٹران کے انتخاب کے لئے اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ اہم امور پر مبنی بیانیہ بھیجنا ضروری ہے جس میں منتخب شدہ فرد کو بحیثیت آزاد ڈائریکٹر چننے کا جواز پیش کیا جائے گا۔

بحیثیت لسٹڈ کمپنی شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ کے لئے ضروری ہے کہ اس کے بورڈ میں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز کے تحت تین آزاد ڈائریکٹرز ہوں۔ لہٰذا کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تین آزاد ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹ کے تحت ڈائریکٹر کے انتخابی طریقہ کار کے مطابق منتخب ہوں۔

اُمیدوار کی جانب سے انتخاب لڑنے کے ارادے کی درخواست کی وصولی کے بعد کمپنی آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کے لئے درج ذیل طریقہ کار اپنائے گی:

۔ الیکشن لڑنے والے امیدواروں کی متعلقہ صلاحیتوں، جوش، مہارت، تعلیم اور تجربہ کی تشخیص کی جائے گی۔

۔ امیدواروں کے نام ایس ای سی پی کی باضابطہ طور پر پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے تیار کردہ ڈیٹا بنک میں شمولیت۔

۔ ڈیٹا بنک سے کسی کا نام منتخب کرنے سے قبل کمپنی تشخیص کرے گی کہ الیکشن لڑنے والا امیدوار کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۶۶(۲) کے طے کردہ آزاد ڈائریکٹر کے معیار پر پورا اُترتا/اُترتی ہے۔

اہم حقائق کا بیان

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۳۴(۳) کے تحت ایجنڈا آئٹم نمبر ۳:

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ۹ فروری ۲۰۲۴ء کو مرکلر قرارداد کے ذریعے سفارش کی ہے کہ کمپنی کے سالانہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) بشمول عام اجلاس کے نوٹس کی ترسیل شائع کرنے یا CD/DVD/USB کے ذریعہ ترسیل کے بجائے QR کوڈ اور ویب لنک سے کئے جائیں جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے نوٹیفکیشن نمبر ۳۸۹(۱)/ ۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ کے ذریعہ اجازت دی ہے۔

اگر ممبر کی طرف سے کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کیا گیا ہے تو کمپنی آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ای میل کے ذریعے بھی ترسیل کرے گی۔ نیز اگر ممبر کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب موجود درخواست فارم پر درخواست کرے تو کمپنی ایک ہفتے کے اندر کمپنی حصص یافتگان کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر مکمل مالیاتی گوشوارے مع متعلقہ دستاویزات کی ہارڈ کاپی مفت بھیجے گی۔ بورڈ کا کوئی رکن اس خصوصی امر میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتا۔

پوسٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر
(غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 6 مارچ 2024 بروز جمعہ 11:30 بجے صبح)

شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام	
رجسٹرڈ پتہ	
حصص کی تعداد (22 فروری 2024 کے اختتام پر) اور فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	
قومی شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کرنا ہے)	
اضافی معلومات اور ملفوظات ((باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) نوٹ 3 کے مطابق۔	

میں/ہم مندرجہ ذیل قرارداد کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/اپنے ووٹ استعمال کرتا ہوں/کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (ü) کا نشان لگا کر درج ذیل قرارداد پر اپنی رضامندی یا عدم اتفاق ظاہر کرتے ہیں۔

نمبر شمار	قراردادوں کا نام اور تفصیل	میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتے ہیں (رضامندی)	میں/ہم قرارداد سے اتفاق نہیں کرتے (عدم اتفاق)
3	طے کیا کہ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) کی بشمول عام اجلاس کے نوٹس کی ترسیل شائع کرنے یا USB/DVD/CD کے ذریعہ ترسیل کے بجائے QR کوڈ اور ویب لنک سے کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ 'مزید یہ طے پایا کہ کمپنی سیکریٹری اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات، انتظامات اور اُمور دینے کے لئے مجاز ہے'۔		

شیئر ہولڈرز/پراکسی/مجاز دستخط کنندگان کے دستخط

جگہ: _____

تاریخ: _____

نوٹس:

1. صحیح طریقے سے بھرا ہوا اور دستخط شدہ اصل پوسٹل بیلٹ چیئرمین، شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ کو رجسٹرڈ آفس ۲۷۔سی۔ ابدالین کوآپریٹو سوسائٹی، لاہور میں بھیجا جائے یا اصل پوسٹل بیلٹ کی اسکین کاپی اس ای میل پر بھیجی جائے۔ chairman@shahtaj.com
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ CNIC کی کاپی منسلک ہونی چاہیے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم ۵ مارچ 2024 کو کام کے اوقات میں یا اس سے پہلے میٹنگ کے چیئرمین تک پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے شمار نہیں کیا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونا چاہیے۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط/مسخ شدہ، پھٹے ہوئے اور دہری تحریر والے بیلٹ پیپرز مسترد کر دیے جائیں گے۔
6. باڈی کارپوریٹ اور کارپوریشن کے نمائندے کی صورت میں، پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کے CNIC کی کاپی کے ساتھ بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی، یا کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 کے مطابق اتھارٹی لیٹر کی صحیح تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔ سوائے اس کے کہ یہ پہلے سے ہی پراکسی فارم کے ساتھ جمع کر دیئے گئے ہوں۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.shahtaj.com پر بھی رکھا گیا ہے جسے وہاں سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔